اشاریہ ماہ نامہ الرشاد اعظم گڑھ (۱۹۸۱ـ۲۰۰۲ء) ڈاکٹر محمد الیاس الاعظمی

ناشر: ندوۃ التالیف والترجمۃ، جامعۃ الرشاد، اعظم گڑھ، ۲۰۰۴ء، ص:۲۳۲، قیمت: ۱۵۰روپے

جامعۃ الرشاد اعظم گڑھ کا ترجمان ماہ نامہ الرشاد اپنے علمی، دینی، فقہی، ادبی، تنقیدی اور تاریخی مضامین و مقالات کی وجہ سے علمی حلقوں میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ محترم مولانا مجیب اللہ ندوی نے ۱۹۸۲ء میں اس کا اجراء کیا۔ اس وقت سے وہ پابندی سے شائع ہو رہا ہے۔ ادھر کچھ عرصہ سے انھیں ڈاکٹر محمد الیاس اعظمی کی سرگرم معاونت حاصل ہے۔ گزشتہ کچھ دہائیوں سے اشاریہ سازی کو ایک مستقل فن کی حیثیت حاصل ہوگئی ہے اور متعدد علمی و ادبی رسائل کے اشاریے تیار ہوگئے ہیں۔ زیرِ نظر اشاریہ کی مدد سے اہلِ ذوق کو مجلّہ الرشاد کے علمی سرمایہ تک رسائی میں سہولت ہوگی۔

مقالات کا اشاریہ عنوانات، مضمون نگاران اور موضوعات تینوں لحاظ سے تیار کیا گیا ہے۔ اسی طرح تبصرۂ کتب کی فہرست عنوانات، مصنفین اور مبصرین کے اعتبار سے دی گئی ہے۔ ہر جگہ مکمل تفصیل (ماہ، سنہ، صفحات نمبر) فراہم کی گئی ہے۔

محترم مولانا مجیب اللہ ندوی الرشاد کے اداریوں (بعنوان رشحات) میں بڑی جرأت اور بے باکی کے ساتھ ملی، ملکی اور عالمی مسائل پر اظہارِ خیال فرماتے رہے ہیں۔ معلوم نہیں کیوں انھیں اشاریہ میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔ مناسب تھا کہ ان کا تذکرہ کرکے قوسین میں ہر شمارے کے رشحات کے موضوع کی وضاحت کردی جاتی۔

امید ہے علمی حلقوں میں اس اشاریہ کی پذیرائی ہوگی۔

(محمد رضی الاسلام ندوی)

زیورات میں زکوٰۃ مولانا محفوظ الرحمٰن فیضی

ناشر: فیض عام اکیڈمی، مئو ناتھ بھنجن (یوپی)، صفحات: ۱۱۲، قیمت درج نہیں۔

زیرِ تبصرہ کتاب میں ثابت کیا گیا ہے کہ جس طرح سونے چاندی میں (اگر وہ مقررہ نصاب کے بقدر ہوں تو) زکوٰۃ واجب ہے اسی طرح سونے چاندی کے مستعمل